© rasailojaraid.com

# 19 قیادت سے بات کس طرح کی جائے؟

قائد سے گفتگو کرنی ہے' اس تصور سے گھبراہٹ طاری ہو جاتی ہے۔

قائد نے گفتگو کے لیے بلایا ہو تو سیکڑوں خیالات آناً فاناً ذہن سے گزر جاتے ہیں---

کیا بات ہے؟ کیوں ---؟ خیر ہو---!

قائد سے آپ مناسب اور اچھی بات کیسے کریں؟

آپ کا اخلاص اور تعلق یقیناً اہم ہے---لیکن کچھ توجہ ان باتوں پر ہو تو

قائد جب بلائے گا آپ کو خوشی ہوگی اور ملاقات مفید ہوگی:

- مسائل کو قیادت سے نہ چھپائیے' اپنی غلطیاں خود بتائیے
- یہ شکایت نہ کریں کہ وہ وقت نہیں دیتا' ملاقات پر خوشی کا اظہار کیجیے
- اس کی مشکلات کا احساس کریں اور تعاون کی پیش کش کیجیے
- تنازع کے بجائے اتفاق کے نکات تلاش کیجیے
- نقطۂ نظر واضح کریں' لیکن قیادت کی رائے بالآخر تسلیم کیجیے
- اگر گفتگو کے ماحول میں تناؤ ہو تو پہلے اسے دُور کیجیے
- مختصر گفتگو کیجیے' اخلاص کے ساتھ' احترام کیجیے' خوشامدانہ تعریف سے پرہیز کیجیے
- غلطی پر توجہ دلاتے ہوئے' غلط فیصلہ یا پالیسی پر بات کیجیے' قائد کو بحیثیت فرد موضوع نہ بنائیے
- ''ہم نے یہ غلط کیا'' اس طرح بات کیجیے' بجائے اس کے کہ ''آپ نے یہ غلط کیا''
- کبھی یہ نہ کہیں کہ ''میں نے تو پہلے ہی یہ مشورہ دیا تھا''
- حل کی متبادل صورتوں میں کسی ایک کو دلیل سے ترجیح دیں تاکہ قیادت کو سوچنے میں آسانی ہو
- اپنے ذہن کی اُلجھن قیادت کے ذہن میں نہ منتقل کیجیے

سنابل العلم

© rasailojaraid.com